# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ءتا2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت ہشتم | مضمون۔اردو لازمی | کتاب کا نام۔کنول |
| سبق کا نام: موسم کا حال | صفحہ نمبر ۱۴ تا ۱۷ | پہلی سہ ماہی |

## یونٹ نمبر: 3



### مشق

**سوال نمبر: 1**

نوٹ: سبق کی پڑھائی کریں اور مشکل الفاظ کے معنی لکھیں۔

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| چھاتا | چھتری | دغا دینا | دھوکہ دینا |
| ابر آلود | آسمان پر بادل ہونا | تان اڑانا | سُر لگانا |
| پیشگوئی | اندازہ لگانا | بشارت | خوشخبری |
| سیر چشم | قناعت پسند ہونا | وثوق | یقین |
| گلا بیٹھنا | آواز دب جانا | کھڑاگ | آواز |

سوال نمبر 2 : سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

1۔ مضمون کا انداز تحریر کیسا ہے؟

جواب۔ مضمون کا انداز تحریر مزاحیہ ہے۔ مصنف نے بارش کی پیشنگوئی کو مزاحیہ انداز میں بیان کیا ہے۔ مصنف بارش سے بچنے کے اقدامات بھی کرتا ہے لیکن بارش نہیں ہوتی۔

2۔ پہلی بار ٹیلیویژن پر اناؤنسر نے کیا بشارت دی اور مصنف نے کیا کیا؟

جواب۔اناؤنسر نے اگلی صبح مطلع ابر آلود ہونے کی اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کی پیشن گوئی کی۔ مصنف نے یہ خبر سن کر چارپائیاں ڈرائنگ روم میں رکھوالیں اور لان پر دریاں بچھادیں۔

## گھر کا کام

1: اپنے پسندیدہ موسم پر مضمون تحریر کریں۔

2: موسم انسان کے مزاج پر کیسے اور کیوں اثرانداز ہوتے ہیں؟



# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت ہشتم | مضمون۔اردو لازمی | کتاب کا نام۔کنول |
| سبق کا نام: موسم کا حال | صفحہ نمبر ۱۴ تا ۱۷ | پہلی سہ ماہی |

### سرگرمی نمبر 1۔

محاورات اور ضرب المثل کے معنی لکھیے اور جملے بنائیں۔

| محاورات | معنی | جملے |
|---|---|---|
| تان اڑانا | گانا گانا | |
| کان دھرنا | توجہ سے بات سننا | |
| سر منڈاتے ہی اولے پڑنا | ایک مصیبت سے نکل کر دوسری میں پھنس جانا | |
| دغا دینا | دھوکا دینا | |

# پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن مملکتِ بحرین

## آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت ہشتم | مضمون۔اردو لازمی | کتاب کا نام۔کنول |
| سبق کا نام: موسم کا حال | صفحہ نمبر ۱۴ تا ۱۷ | پہلی سہ ماہی |

## سر گرمی نمبر 2

**مرکب توصیفی کی تعریف:** وہ مرکب ناقص جو صفت اور موصوف کی ترکیب سے بنا ہو مرکب توصیفی کہلاتا ہے۔

مثلاً نیک لڑکا، بلند عمارت

- ________ پروائی
- ________ طبیعت
- ________ بارش
- ________ اندھیرا
- ________ دوست
- ________ کوئل

BEST OF LUCK

مرتب کردہ: مس مریم ڈار

مس یاسمین